ماڈل پرچہ برائے جماعت نویں۔

میقات اول

وقت: 02:00 گھنٹے

سوال نمبر 1: درسی شعری جز پر غور کیجئے اور دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجئے۔ **(03 نمبرات)**

واعظ ہے نہ زاہد ہے نہ ناصح ہے نہ قاتل ہے
اب شہر میں یاروں کی کس طرح بسر ہوگی

کب تک ابھی رہ دیکھیں اے قامت جانانہ
کب حشر معین ہے تجھ کو تو خبر ہوگی

(i)۔ پہلے مصرعہ میں کتنے الفاظ بطور فاعل استعمال ہوئے ہیں۔

ا۔ چار

ب۔ تین

ج۔ دو

د۔ ایک

(ii)۔ قامت جانانہ کا لغوی معنی کیا ہے؟

ا۔ معشوق کا حسن

ب۔ معشوق کا قد

ج۔ معشوق کی خوبصورتی

د۔ معشوق کی اونچائی

(iii)۔ "معین" کا معنی "مقرر" کے ہیں، لفظ معین کا درست تلفظ چُن لیجئے۔

ا۔ مُعِین

ب۔ مَعِین

ج۔ مُعیّن

د۔ مُعَیَّن

(iv)۔ لفظ "حشر"

ا۔ پنجابی زبان کا لفظ ہے

ب۔ اردو زبان کا لفظ ہے

ج۔ عربی زبان کا لفظ ہے

د۔ فارسی زبان کا لفظ ہے

(v)۔ رہ دیکھیں

ا۔ کہاوت ہے

ب۔ فقرہ ہے

ج۔ جملہ ہے

د۔ کلمہ ہے

(vi)۔ لفظ "واعظ" کی جمع

ا۔ واعظان ہے

ب۔ وعاظ ہے

ج۔ واعظین ہے

د۔ واعظون ہے

سوال نمبر 2: غیر درسی اقتباس پر غور کیجئے اور دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔ (03 نمبرات)

ہمارے ملک میں مجموعی طور پر جدیدیت انیسویں صدی سے شروع ہوتی ہے۔ یہ جدیدیت مغرب کے اثر سے آئی ہے۔ یورپ میں نشاۃ الثانیہ نے ازمنہ وسطیٰ کو ختم کردیا۔ ہمارے یہاں نشاۃ الثانیہ مغرب کے اثر سے انیسویں صدی کے وسط میں رونما ہوا۔ یورپ میں جدیدیت کی تاریخ تین سو سال سے زیادہ کی ہے۔ ہمارے یہاں سوڈیڑھ سو سال کی۔ اس لئے جدیدیت نے جو رنگ یورپ میں بدلے ہیں ان کے پیچھے کشمکش اور آویزش کی خاصی طویل تاریخ ہے۔ اس کے مقابلے میں ہندوستان میں جدیدیت نو

عمر ہے اور عوام کا ذہن ابھی تک مجموعی طور پر، اور پورے طور پر جدید نہیں ہو سکا ہے۔ اس پر ازمنہ وسطیٰ کے ذہن کا اب بھی خاصا اثر ہے۔ اگر ذہن جدید بھی ہو گیا ہے تو قومی مزاج جو صدیوں کے اثرات کا نتیجہ ہوتا ہے، اب بھی ازمنہ وسطیٰ کے تصورات سے نکل نہیں سکا ہے مگر چونکہ بیسویں صدی میں صدیوں کی منزلیں دہائیوں میں طے ہوتی ہیں، اس لئے گزشتہ بیس پچیس سال میں جدیدیت کے ہر روپ اور رنگ کے اثرات ہمارے یہاں ملنے لگے ہیں۔

(i)۔ انیسویں صدی کا زمانہ

ا۔ 1801 سے 1900 تک ہے

ب۔ 1901 سے 1999 تک ہے

ج۔ 1900 سے 1990 تک ہے

د۔ 1800 سے 1900 تک ہے

(ii)۔ اقتباس میں لفظ "مغرب" سے کیا مراد ہے؟

ا۔ شام کی نماز

ب۔ سورج ڈوبنے کا وقت

ج۔ غروبِ آفتاب

د۔ یورپی ممالک

(iii)۔ازمنہ وسطیٰ کا انگریزی ترجمہ ہے

ا۔Middle Ages

ب۔Middle East

ج۔Classical Ages

د۔Middle Years

(iv)۔جدیدیت کن کی پرانی ہے؟

ا۔ ہندوستانیوں کی

ب۔ یورپیوں کی

ج۔ چین کی

د۔ قوم کی

(v) درست تلفظ چُن لیجئے


ا۔ گَشمُکَش

ب۔ گَشمَکِش

ج۔ گَشمَکَش

د۔ گَشمَکَش

(vi) نشاۃ الثانیہ (Renaissance) کی اپنے الفاظ میں تعریف کیجئے۔



سوال نمبر 3۔ تصویر کو غور سے دیکھ کر دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے ۔ **(03 نمبرات)**

سوال 1 . تصویر میں موجود کونسی دو چیزیں قدرتی ہیں؟

ا . پانی اور دھواں

ب . پانی اور درخت

ج . سڑکیں اور مکان

د . صنعت اور انڈسٹری

سوال 2. دی گئی تصویر کس چیز کی عکاسی کر رہی ہے؟

ا . گاؤں

ب . شہر

ج . انڈسٹری ماڈل

د . ریاست

سوال 3. دی گئی تصویر میں کونسی چیز آلودگی کا باعث ہے؟

ا . پانی

ب . گاڑی اور دھواں

ج . صنعت

د . عمارت

سوال 4. تصویر میں کون سا رنگ ماحولیاتی صحت کی گواہی دے رہا ہے؟

ا . نیلا

ب . پیلا

ج. سبز

د. خاکی

سوال 5 . تصویر میں موجود کون سی چیز نقل مکانی میں مدد دیتی ہے؟

ا . دھواں

ب . گاڑی

ج . دریا

د . درخت

سوال 6 . تصویر کو کون سی چیز دو حصوں میں تقسیم کر رہی ہے؟

ا . گاڑی

ب . صنعت

ج . ندی

د . سڑک

سوال نمبر 4۔ مندرجہ ذیل آٹھ الفاظ میں سے چار کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ ان کی تذکیر و تانیث اور واحد و جمع واضح ہو جائے۔ **(02 نمبرات)**

(i)۔ منصوبہ

(ii)۔ خیرات

(iii)۔ چھپّر

(iv)۔ حماقت

(v)۔ دفعات

(vi)۔اقلام

(vii)۔اخبار

(viii)۔مجرم

سوال نمبر 5۔ ہدایت کے مطابق جوابات دیجئے۔(03 نمبرات)

(1)۔جملوں کی ترکیب و تنظیم کا علم کیا کہلاتا ہے؟

ا۔علمِ صرف

ب۔علمِ نحو

ج۔علمِ عروض

د۔علمِ بلاغت

(2)۔آپ کی درسی کتاب کی ابتداء میں کیا دیا گیا ہے؟

ا۔اشاریہ

ب۔فرہنگ

ج۔فہرست

د۔کتابیات

(3)۔ نثر عربی زبان کا لفظ ہے، جس کا لغوی معنی ہے

ا۔ بکھرا ہوا

ب۔ سمٹا ہوا

ج۔ منفرد تحریر

د۔ غیر موزوں

(4)۔ وہ تصنیف جس میں مصنف اپنی حالاتِ زندگی قلمبند کرتا ہے

ا۔ سوانح

ب۔ آپ بیتی

ج۔ توقیت

د۔ مقالہ

(5)۔ واقعات کی منطقی ترتیب کو کیا کہتے ہیں؟

ا۔ قصہ

ب۔ پلاٹ

ج۔ تکنیک

د۔ منظر نامہ

(6)۔جس آواز کے سہارے حرف ادا کئے جاتے ہیں اور ایک دوسرے سے ملائے جاتے ہیں، اس کو کیا کہتے ہے؟

ا۔اعراب

ب۔حرکت

ج۔قاعدہ

د۔نشان

سوال نمبر 6۔جملوں کی پہچان کیجئے۔**(02 نمبرات)**

ا۔"ذرا مجھے وہ ٹکٹ نکال کے دو" کون سا جملہ ہے؟

ا۔جملہ کاملہ

ب۔جملہ حکمیہ

ج۔جملہ انشائیہ

د۔جملہ استدعائیہ

ب۔"تار، .......... کیسا تار؟" کون سا جملہ ہے؟

ا۔جملہ شکیّہ

ب۔جملہ معترضہ

ج۔جملہ استفہامیہ



د۔جملہ فجائیہ

سوال نمبر 7۔آپ کے دادا ریٹائر ہو چکے ہیں، اور سماجی خدمت کے امکانات کو دیکھ رہے ہیں، اس کی حوصلہ افزائی اور منصوبوں کی حمایت کے لئے اپنے دادا کو ای میل (e-mail) لکھئے۔

یا

اپنے چھوٹے بھائی کو ایک ای میل (e-mail) لکھیں جس میں اسے مشورہ دیا جائے کہ انٹرنیٹ کیسے استعمال کیا جائے۔ **(نمبرات 04)**

سوال نمبر 8۔مشغلہ تفریحی وقت کی سرگرمی ہے۔کیا آپ کے خیال میں اسے اسکولی نصاب کا حصہ بنانا چاہیے؟ ایک قومی روزنامہ کے ایڈیٹر کے نام لکھے گئے خط میں اپنی سوچی سمجھی رائے کا اظہار کیجئے۔

یا

بزرگ شہری ہماری آبادی کا ایک بڑا حصہ ہے۔وہ ہمارے سرپرست اور رہنما ہیں، لیکن، کیا ہم ان کی خدمت کے لئے کچھ کرتے ہیں؟ کسی ایک اخباری ایڈیٹر کے نام خط لکھیں جس میں آپ بزرگ شہریوں کی حفاظت فراہم کرنے کے بارے میں اپنے احساسات کا اظہار کیجئے۔ **(نمبرات 04)**

**سوال نمبر 9۔ درسی سوالات کے جوابات لکھیے۔ (نمبرات 06)**

(1)۔ نصابی کتاب کے سبق "اردو کہاں پیدا ہوئی" میں ایک اصطلاح "اردوئے معلیٰ" استعمال ہوئی ہے، اس اصطلاح کی وضاحت کیجیے۔

(2)۔ ڈاکٹر نذیر احمد ملک نے "اردو کہاں پیدا ہوئی" سے متعلق مختلف نظریات میں سے کس نظریہ کو قوی قرار دیا ہے؟

(3)۔ شمیم احمد شمیم دیوان کو آہستہ آہستہ کیوں بھول جاتے ہیں؟

(4)۔ بڑھتے ماحولیاتی آلودگی کا قلع قمع کرنے سے متعلق حکومت ہند نے کون سے قوانین بنائے ہیں؟

(5)۔ حالی نے نظم "تعلیم سے بے توجہی کا نتیجہ" میں کن نتائج کا احاطہ کیا ہوا ہے؟

(6)۔ نظم "تعلیم سے بے توجہی کا نتیجہ" میں حالی کے اسلوبِ بیان پر مختصر نوٹ لکھیے۔

**سوال نمبر 10۔ دی گئی دو ادبی صنعتوں پر روشنی ڈالیے۔**

ا۔ استعارہ

ب۔ حُسنِ مطلع

ج۔ تشبیب

د۔ہم قافیہ وہم وزن

سوال نمبر 11۔دیئے گئے تین سوالات میں سے دو سوالات کے جوابات اپنی استعداد کے مطابق دیجیے۔(**نمبرات 06**)

1۔فیض کو لینن ایوارڈ کیوں دیا گیا، بحث کیجیے۔

2۔دیوان مرحوم کا کردار قلمبند کیجیے۔

3۔اردو غزل کی فنی ساخت پر بحث کیجیے۔